CAS # 94-74-6 RTECS # AG1575000 UN # 2765 EC # 607-051-00-3	**4-Chloro-2-methylphenoxyacetic acid** یگرنام **4-Chloro-o-tolyloxyacetic acid** فارمولا: $C_9H_9ClO_3$ سالماتی وزن **200.6**

خطرے کی قسم	شدید خطرات / علامات	بچاؤ	ابتدائی طبی امداد اور آگ پر قابو پانا
آگ:	غیر آتشگیر مادہ ایسی مائع فارمولیشنز جن میں نامیاتی محلل (solvent) . شامل ہوں آتش گیر ہوسکتی ہیں جلنے پر سوزش پیدا کرنے والے یا زہریلے بخارات (یا گیسیں) خارج ہوتے ہیں .		آگ کے قرب وجوار میں پھیلنے کی صورت میں تمام آگ بجھانے والے مادے استعمال کرنے کی اجازت ہے۔
دھماکہ :	اگر فارمولیشن میں آتشگیر اور دھماکہ خیز محلل شامل ہوں تو آگ اور دھماکہ ہونے کا خطرہ ہے		

جسم میں داخلہ :		گرد کو پھیلنے سے بچائیں عورتوں (دوران حمل) کو اثرات سے بچائیں	
سانس کے راستے :	سردرد متلی	لوکل ایگزاسٹ یا آلات تنفس استعمال کریں	□ زہ ہوا میں لے جائیں آرام دلائیں طبی نگہداشت کا انتظام کریں
جلد کے راستے :	سرخی	حفاظتی دستانے استعمال کریں	آلودہ کپڑے اتار دیں پانی بہائیں پھر جلد کو پانی اور صابن سے دھوئیں
آنکھوں میں پڑنا :	سرخی	p حفاظتی گوگل استعمال کریں یا پاؤڈر کی صورت میں تنفس کے ساتھ ساتھ آنکھوں کی حفاظت کریں	پہلے کئی منٹ تک پانی سے اچھی طرح دھوئیں پھر ڈاکٹر کے پاس لے جائیں
نگلنے کی صورت میں :	پیٹ میں درد متلی بے ہوشی قے آنا کمزوری	کام کے دوران خورد ونوش اور سگریٹ نوشی مت کریں کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئیں	کلی کروائیں پانی میں-activated char . coal گھول کر پلائیں طبی نگہداشت کا انتظام کریں

بکھرنے کی صورت میں اقدامات :	پیک کرنا اور لیبل لگانا :
گرے ہوئے مادے کو اکٹھا کر کے سیل ہونے والے ڈبوں یا برتنوں میں ڈالیں اگر مناسب ہو تو پہلے پانی سے نم کرلیں تا کہ گرد نہ اٹھے احتیاط کے ساتھ بقیہ مادے کو اکٹھا کریں پھر اس کو محفوظ جگہ پر لے جائیں (غیر معمولی ذاتی تحفظ' ضرر رساں ذرات سے بچنے کے لیے P2 والے ماسک کی ضرورت)	خوراک یا جانوروں کی فیڈ کے ساتھ باربرداری نہ کریں
ہنگامی اقدامات :	**ذخیرہ کرنا :**
Transport Emergency Card: TEC (R)-61G53c	خوراک اور جانوروں کی فیڈ سے الگ رکھیں

اہم معلومات پشت پر ملاحظہ فرمائیں

اہم معلومات

طبعی حالت: شکل : سفید قلمی پاؤڈر

طبعی خطرات:

کیمیائی خطرات: یہ مادہ زیادہ گرم کرنے سے تحلیل ہوجاتا ہے۔اورزہریلے اورگلا دینے والے بخارات بشمول ہائیڈروجن کلورائیڈ بناتا ہے۔

ہوامیں مقررہ حدود: (Occupational oxposure limits)

TLV مقرر نہیں کی گئی

جسم میں داخلے کے راستے : یہ مادہ جسم میں اس کے دھوئیں یا گرد میں سانس لینے سے جلد کے راستے سے اور نگلنے سے جذب ہوسکتا ہے

سانس کے راستے داخلے کے اثرات : 20 سنٹی گریڈ پر اس کی تبخیر برائے نام ہے لیکن سپرے کرنے یا بکھیرنے خاص طور پر پاؤڈر کی شکل میں ہوا میں ذرات کی مقدار خطرناک حد کو چھو سکتی ہے

مختصر مدت کے لئے جسم میں داخلے کے اثرات : اس مادے کی وجہ سے آنکھوں، جلد اور سانس کی نالی میں جلن پیدا ہوتی ہے۔

جسم میں طویل عرصے تک داخلے کے اثرات : جانوروں سے تجربات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سے انسانوں کی قوت تولید پر زہریلے اثرات ہوتے ہیں (نوٹ دیکھیں)

طبعی خوائص

نقطہ پگھلاؤ: 118-119 سنٹی گریڈ

کثافت اضافی (بالمقابل پانی=1): 1.6

پانی میں حل پذیری: بالکل نہیں

20 سنٹی گریڈ پر بخارانی پریشر: 0.0002Pa

بخارات کی کثافت اضافی (بمقابل ہوا=1): 6.9

Log Pow کے طور پر اوکٹانول بمقابلہ پانی پارٹیشن کو فیشنٹ 3.3

ماحولیاتی اعداد و شمار

یہ مادہ آبی جانداروں کے لیے نقصان دہ ہے

نوٹس (Notes)

جسم میں داخل ہونے والی مقدار کے مطابق باقاعدہ وقفوں سے طبی معائنہ کی سفارش کی جاتی ہے کمرشل فارمولیشن میں شامل محلل (Solvents) کی وجہ سے اس کی طبعی خصوصیات اور زہریلے پن میں فرق آسکتا ہے

مزید معلومات

LEGAL NOTICE Neither the CEC nor the IPCS nor any person acting on behalf of the CEC or the IPCS is responsible for the use which might be made of this information

C IPCS, CEC 1999

IPCS International Programme on Chemical Safety

UNEP

Prepared in the context of cooperation between the International Programe on Chemical Safety and the Commission of the European Communities C IPCS, CEC 1999